

بیمار بچوں کو کب بارنے ہاگے اور پرائمری سکول بھیجنے کی بجائے گھر میں رکھنا ضروری ہے؟

1. کیا آپ کے بچے کو پچھلے 24 گھنٹوں میں بخار، کھانسی، گلے میں درد یا خراش یا ناک بند ہونے کا مسئلہ رہا ہے؟

آپ بچے کو گھر میں رکھنے کے پابند ہیں۔
اگر بچے کی طبیعت زیادہ خراب ہو جائے یا آپ کو فکر ہو تو آپ اپنے فیملی ڈاکٹر (fastlege) یا ایمرجنسی کلینک (legevakt) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔



2. کیا آپ کا بچہ 48 گھنٹے گزرنے کے بعد بھی بیمار ہے؟

ہاں

اگر بچے کی طبیعت میں بہتری نہ آئے تو اپنے فیملی ڈاکٹر یا ایمرجنسی کلینک کو فون کریں۔

ڈاکٹر فیصلہ کرے گا کہ کیا آپ کے بچے کا ٹیسٹ ہونا چاہیے۔



نہیں

جب بچے کو بخار نہ رہے اور وہ صحتمند نظر آتا ہو تو وہ سکول یا بارنے ہاگے جا سکتا ہے۔

بچے کو COVID-19 کا ٹیسٹ کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر اب بھی تھوڑا سا نزلہ بہتا ہو یا تھوڑا گلا بیٹھا ہوا ہو/کھانسی ہو تو بھی بچہ سکول یا بارنے ہاگے جا سکتا ہے۔



3. کیا بچے کا COVID-19 ٹیسٹ ہونا ہے؟

ہاں

بچے کو تب تک گھر میں رکھیں جب تک آپ کو ٹیسٹ کا نتیجہ نہ مل جائے۔



نہیں

جب بچے کو بخار نہ ہو اور وہ صحتمند نظر آتا ہو تو وہ سکول یا بارنے ہاگے جا سکتا ہے۔

اگر اب بھی تھوڑا سا نزلہ بہتا ہو یا تھوڑا گلا بیٹھا ہوا ہو/کچھ کھانسی ہو تو بھی بچہ سکول یا بارنے ہاگے جا سکتا ہے۔



4. کیا آپ کے بچے کو COVID-19 ہے؟

ہاں

آپ بچے کو گھر میں رکھنے کے پابند ہیں۔

بلدیہ آپ کو بتائے گی کہ آپ کے خاندان کو بچے کی بیماری کے دوران آئندہ کن اصولوں پر عمل کرنا ہو گا۔



نہیں

جب بچے کو بخار نہ ہو اور وہ صحتمند نظر آتا ہو تو وہ سکول یا بارنے ہاگے جا سکتا ہے۔

اگر اب بھی تھوڑا سا نزلہ بہتا ہو یا تھوڑا گلا بیٹھا ہوا ہو یا کچھ کھانسی ہو تو بھی بچہ سکول یا بارنے ہاگے جا سکتا ہے۔



اگر آپ کے بچے کو زکام کے ساتھ مندرجہ ذیل علامات بھی ہوں تو اپنے فیملی ڈاکٹر یا ایمرجنسی کلینک سے رابطہ کریں:

- بچہ عام کھیل اور سرگرمی کی طاقت نہ رکھتا ہو
- بچے کو بخار ہو، جسم میں درد ہو، بھوک ٹھیک نہ لگتی ہو، سستی ہو، متلی ہو یا چکر آتے ہوں
- بچے کو سانس لینے میں مشکل ہو اور/یا آرام کی حالت میں اسکا سانس عام انداز کی نسبت زیادہ تیز چل رہا ہو
- یاد رکھیں، چھوٹے بچے اپنا حال نہیں بتا سکتے لیکن وہ روتے بسورتے، چمٹنے والے یا چڑچڑے ہو سکتے ہیں۔

FHI